" بیان حلفی "

قواعدوضوابط برائے طلباء

قائداعظم انسٹیٹیوٹ آف لیگل سٹڈیز نوشہرہ میں داخلہ حاصل کرنے پر آپ دورانِ سیشن مندرجہ ذیل قواعدوضوابط کی پاسداری کے لئے تمام صلاحتیں بروئے کار لائیں گے اوران کو من وعن تسلیم کریں گے وہ تمام اُمور جن کا احاطہ یہ دستاویز نہیں کرتا ان میں پرنسپل یاان کے نامزدمجاز اتھارٹی کا فیصلہ حتمی تصور ہوگا جن کو پاکستان کے کسی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جا سکے گا۔

قواعدوضوابط کے اطلاق کے ذرائع: وارننگ (تنبیہ)، سیکیورٹی یا زرضمانت جمع کرنا، طلباء کی مخصوص مراعات واپس لینا (کوئی ذمہ داری نہ دینا) مخصوص مدت کے لئے کلاس سے معطل کرنا، کالج کے احاطہ میں داخلے کی اجازت قطعاً نہیں ہوگی۔ خراب سیرت سند (Bad Character Certificate) کا دیناوغیرہ وغیرہ۔ پرنسپل صاحب کی صوابدید ہے کہ غلطی کی نوعیت اورشدت کے مطابق ایک یاایک سے زائد کا اطلاق بیک وقت کرے۔ داخلہ کے وقت تمام دستاویزات مکمل اور تصدیق شدہ ہونے چاہئے کوئی بھی معلومات یادستاویزات غلط یا جعلی ہونے کی صورت میں داخلہ منسوخ تصور ہوگا اور ایسی صورت میں واجبات کی واپس ادائیگی کسی صورت نہیں کی جائی گی اور نہ ہی ایڈجسٹ یا ٹرانسفر کی جائے گی۔ سالانہ یاسمسٹروائز کالج کے واجبات یکمشت ادا کئے جائیں گے نیز کالج سے بوجہ عدم ادائیگی گھر واپس بھیجنے کی صورت میں کسی قسم کی نقصان کی ذمہ داری کالج انتظامیہ پر نہیں ہوگی۔ پانچ سو سے دس ہزار تک جرمانہ بھی لگایا جاسکتا ہے۔

اخلاقیات: قائداعظم انسٹیٹیوٹ آف لیگل سٹڈیز نوشہرہ ایک درخشاں تاریخ کا حامل ادارہ ہے یہاں روایات اورتربیت پرخصوصی توجہ رہتی ہے لہذا تمام طلباء سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اپنی اقداراورعلاقائی روایات کا خاص خیال رکھیں گے اور ہراُس کام سے اجتناب کریں گے جوکہ ہماری اقدار سے متصادم ہو۔ تمام طلباء اپنے اساتذہ اور جملہ سٹاف کی عزت واحترام کا خاص خیال رکھیں گے اور قائدانسٹیٹیوٹ آف لیگل سٹڈیز نوشہرہ کے سفیر کی حیثیت سے کالج کے اندراور باہراس کا نام اورمقام کی سربلندی کے لئے کوشاں رہیں گے۔ نیز ایسے کسی سرگرمی کا حصہ نہیں بنیں گے جس سے اس ادارے کا نام اورساکھ خراب ہو۔ آپ کالج کے دوران غیراخلاقی موادرکھنے اور غیراخلاقی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے اجتناب کریں گے۔ اساتذہ کرام یا سٹاف کے ساتھ بدتمیزی، کسی قسم کا اسلحہ، آتشیں نیز ضرررساں اشیاء کے کالج میں لانے اورسگریٹ نوشی یا نشہ آوراشیاء کی موجودگی کی صورت میں سزا کے مستحق ٹھہریں گے۔

ڈسپلن: دانستہ یاغیردانستہ کالج کی ملکیت کونقصان پہنچانا قابلِ سزاجرم ہے تمام طلباء سیاست، گروپنگ، ہڑتال وغیرہ سے مکمل اجتناب کریں گے۔ کلاس کے دوران موبائل فون کا استعمال ممنوع ہے کلاسوں کا اہتمام صبح کے اوقات میں کیا جائے گا۔ کالج کے احاطے کے اندراور باہر ہرقسم کی فولنگ سختی سے منع ہے کالج میں کسی قسم کا فنکشن اور پارٹی بلا اجازت منع ہے کالج میں تحفوں اورتحائف کا تبادلہ سختی سے منع ہے کالج، کلاس رومز، واش رومز کی دیواروں اوردروازوں پرلکھائی منع ہے۔

جنرل: کالج کے تمام امتحانات میں شرکت لازمی ہے پیپرڈراپ کرنے کی صورت میں بھاری جرمانہ ادا کرنا پڑے گا۔ تمام طلباء سے توقع رکھی جاتی ہے کہ بروقت اپنی کلاسز میں جائے دس منٹ کی تاخیر کلاس میں روکنے کا سبب بن سکتی ہے تمام طلباء حاضری کی کم ازکم 85% حاضری برقرار رکھیں گے۔ بصورت دیگران کا داخلہ فارم روک لیا جائے گا۔ چھٹی کی صورت میں طلباء پرنسپل صاحب سے چھٹی کی درخواست کی منظوری لیں گے بصورت دیگر سزا کے مستحق ٹھہریں گے۔ ایک ہفتے سے زیادہ بلا اجازت چھٹی پرآپ کا نام کالج سے خارج کردیا جائے گا دوبارہ داخلے کی صورت میں مکمل ایڈمیشن فیس دوبارہ جمع کروانا ہوگی کسی بھی معتدی یا پھیلنے والی بیماری کی صورت آپ کوکالج سے گھر بھیجا جائے گا۔ سرکاری چھٹیوں کے بعد حاضری یقینی بنائے بصورت دیگر سزا کے مستحق ٹھہریں گے۔ آپ لڑائی جھگڑاوغیرہ سے مکمل اجتناب کریں گے۔ دورانِ امتحانات نقل یا بورڈ عملے پراثرانداز ہونے سے مکمل اجتناب کریں گے۔ مذکورہ بالا یاان کے علاوہ تمام اُمور میں پرنسپل کا فیصلہ حتمی ہوگا کسی بھی طلباء، استاد یا جملہ سٹاف کے ساتھ کسی بھی تنازعاتی صورت میں قائداعظم انسٹیٹیوٹ آف لیگل سٹڈیز نوشہرہ کی انتظامی کمیٹی کا فیصلہ حتمی اورتمام طلباء کوقابلِ قبول ہوگا۔

میں مسمی ------------------ ولد ------------------ یہ اقرار کرتا ہوں کہ مندرجہ بالاقواعدوضوابط کی پابندی کروں گا کسی بھی خلاف ورزی کی صورت میں ادارہ ہذا کا ہرفیصلہ قبول ہوگا۔

دستخط طالب علم: ------------------------------ **المرقوم:** ------------------------------

دستخط والد / سرپرست: ------------------------------

اوتھ کمشنر